صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 25 جون 2007 بمطابق 9 جمادی الثانی 1428ھ صبح نو بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہاں خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ہ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ہ

قُلۡ أَغَيۡرَ ٱللَّهِ أَبۡغِى رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَىۡءٍ ۚ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ إِلَّا عَلَيۡهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزۡرَ أُخۡرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ

(ترجمہ) کہو کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش کروں حالانکہ وہ ہی ہر چیز کا رب ہے۔ ہر شخص جو کچھ کماتا ہے اس کا ذمہ دار وہ خود ہے کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا پھر تم سب کو اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے اس وقت وہ تمہارے اختلافات کی حقیقت تم پر کھول دیگا۔ وما علینا الا البلاغ ہ

جناب سپیکر: جزا ک اللہ۔ شہزادہ گستاسپ خان صاحب، لیڈر آف دی اپوزیشن۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: تھینک یو، سر۔ میں آج مانسہرہ سے متعلق ایک بڑی Important چیز کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں سر۔ کچھ عرصہ پہلے جب Earth-quake ہوا تو نیو بالا کوٹ سٹی بنانے کا ایک منصوبہ آیا جس کیلئے صرف یونین کونسل ڈھوڈیال اور یونین کونسل مغل، دو یونین کونسلز میں ایک وسیع رقبہ حکومت نے Acquire کیا اور میں یہاں یہ کہتا چلوں کہ وہاں بھی جو Existing price of land ہے جو کہ Ground reality کے مطابق ہے، اس سے انحراف کیا گیا ہے اور لوگوں کو اس بارے میں تشویش ہے اور دوسرا یہ کہ وہ لوگ جو ہیں، اب ہمارے ریونیو منسٹر یہاں پر نہیں ہیں لیکن ہمارے بڑے عالم فاضل منسٹر یہاں پر ہمارے سامنے بیٹھے ہیں، سردار ادریس صاحب اور ہزارہ سے ان کا تعلق ہے اور یہ بھی نہیں چاہیں گے کہ ہزارہ میں لوگوں کا استحصال ہو، ان سے زمین بھی لی جائے، انہیں ٹھیک پرائس بھی نہ ملے اور ستم یہ ہے کہ انہیں کاغذات مال بھی نہیں دیئے جاتے اور نہ پٹواری، نہ گرداور، کوئی بھی ان کی شنوائی نہیں کررہا تو میں کل وہاں پر گیا ہوا تھا تو بہت سارے لوگ مجھ سے ملے۔ یہ بکریال، ڈھوڈیال، الشال، ملتال کے لوگ مجھ سے ملے اور مجھے بتایا کہ ہماری نہ پٹواری سنتا ہے، نہ گرداور سنتا ہے۔ ہمیں یہ بھی نہیں بتایا جارہا تھا کہ ہمارے حقوق کیا ہیں اس میں، نہ ہمیں فرد دیئے جارہے ہیں۔ تو دوسرا سر، اب چونکہ ہزاروں کنال رقبہ وہ ان دو یونین کونسلوں سے لے رہے ہیں جس سے ان یونین کونسلز کا وجود بھی ختم ہو جائے گا۔ اب وہاں پر یونیورسٹی کا ایک سلسلہ چل نکلا ہے کہ پہلے ان لوگوں سے لینڈ لی تھی، اب دو ہزار کنال Irrigated land یونیورسٹی کیلئے لی جارہی ہے۔ سر! ہمیں اعتراض نہیں ہے کہ یونیورسٹی میں توسیع ہو لیکن موجودہ رقبہ جو یونیورسٹی کا ہے، وہ سارا Constructed نہیں ہے اور اسی میں ساری یونیورسٹی کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے اور اگر انہیں رقبہ درکار ہے تو Jaba sheep farm، جو ایک Abundant Sheep Farm ہے اور ہزاروں کنال رقبہ اس کے نزدیک ہی فالتو پڑا ہوا ہے اور

سرکاری رقبہ ہے تو اسے وہ Acquire کریں، نہ کہ لوگوں کو Displace کریں اور اس سلسلے میں سر، میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤنگا کہ ہمارے لوگوں کیساتھ ایک تو زلزلہ۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ سپیکر صاحب! شہزادہ صاحب بہت اہم بات پیش کر رہے ہیں لیکن کورم پورا نہیں ہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! میرے خیال میں۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! میرے خیال میں انہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: Concerned Minister بھی نہیں ہیں تو۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بات پوری کرنے دیں تو پھر۔۔۔۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! میرے خیال میں انہیں تھوڑا سا برداشت کرنا چاہیئے کیونکہ یہ ہزارہ کے بہت لوگوں کا مسئلہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: نہیں برداشت کرنے کی بات نہیں ہے۔ آپ کن کو مخاطب کر رہے ہیں؟ چیف منسٹر نہیں ہیں، اور منسٹرز نہیں ہیں، ایک وزیر اطلاعات ہیں اور دوسرے لوکل گورنمنٹ کے۔۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: نہیں، Sir, Cabinet is collectively responsible اور۔۔۔

جناب پیر محمد خان: اور آرٹیکل 55،۔۔۔۔

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): یہ آپ کا شانگلہ کا مسئلہ ہوتا تو آپ کبھی بھی اسطرح نہ اٹھتے۔ یہ ہزارہ کے، ہم لوگوں کا مسئلہ ہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: یہی میں بتا رہا ہوں کہ ہزارہ کیساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جا رہا ہے۔ یہ تو

برداشت کریں ناں، یہ آدھے اپوزیشن میں ہیں اور آدھے گورنمنٹ میں بھی ہیں۔ میں یہاں صرف آپ کو گورنمنٹ کا۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: کورم پورا نہیں ہے۔ جب آئین کے مطابق اجلاس ہے نہیں تو کسطرح وہ بول سکتے ہیں؟

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! اب انہیں بہت تکلیف ہو رہی ہے تو۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: نہیں، تکلیف نہیں، میں آئین کی بات کر رہا ہوں، اسی کتاب کی بات کر رہا ہوں۔ اس طرح آپ لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! یہ آپ کی۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: آپ بھی Constitution کے تحت چلیں گے اور ہم بھی چلیں گے، سب چلیں گے۔۔۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: نہیں سر، یہ۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کو بات پوری کرنے دیں، پھر فیصلہ کرینگے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: ذرا گزارہ کرلیں۔۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: سر! یہ Illegal بات کر رہے ہیں۔ جب بات Illegal کر رہے ہیں تو کیسے پوری کرنے دینگے؟

جناب سپیکر: ان کو تھوڑا۔۔۔

جناب پیر محمد خان: آئین کے مطابق کورم پورا نہیں ہے تو ان کو ابھی بولنا نہیں چاہیئے۔ کورم پورا ہو تب۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! پیر محمد صاحب ہمارے ایک اچھے تکڑے پارلیمنٹرین ہیں، انہیں یہ بات

جناب سپیکر: انہوں نے کورم کی نشاندہی کی ہے۔دو منٹ کیلئے Bell بجائی جائے۔

(اس مرحلے پر دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: یہ صورتحال ہے۔اجلاس کو تیس منٹ کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(ایوان کی کارروائی کورم پورا نہ ہونے کی بناء پر تیس منٹ تک کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب محمد ادریس(وزیر بلدیات) :جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: سردار ادریس صاحب!لیڈر آف دی اپوزیشن نے جو نکتہ اٹھایا ہے------

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر!میں نے بات Complete نہیں کی ہے----

جناب سپیکر: Complete ہوا ہے،وہ سمجھ گئے ہیں۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر!یہ بڑا ضروری ہے۔میں یہ بتا رہا تھا کہ ایگریکلچرل لینڈ کے بارے میں یہ ہے کہ یہ سینئیر ممبر کا لیٹر ہے کہ "It has been brought to the notice of the Chief Secretarythat in Charsadda, Mardan and other Districts of the Province, prime agriculture land is being acquired by the Revenue Department on behalf of various Federal and Provincial Government agencies.This must be stopped because Government have already prohibited the acquisition of the agricultural land for building construction. Even in the case of road construction great care should be taken to ensure that good agricultural land should not be acquired. Rules and orders of the Government already exist on the subject, which need to be implemented by all the districts and sub divisional offices. سر!اب یہاں پر ایک جگہ ایک ہے،دوسری جگہ دوسری ہے۔تو

میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ ڈھوڈیال، بکریاں اور مومن میں اگر یہ لینڈ لے لی گئی تو یہ لوگ بالکل بے سر و سامان ہو جائیں گے کہ ایگریکلچرل لینڈ بھی جائے گی، مکانات بھی جائیں گے اور یہ بے دست و پا ہونگے۔ میری گزارش ہے کہ Jaba Sheeps farm کو یہ لے لیں، وہاں پر چند ایک Sheeps ہیں اور اس کی کوئی یوٹیلٹی نہیں ہے اور گورنمنٹ لینڈ ہے، پیسوں کی بھی بچت ہوگی اور دوسرا سر، یہ کہ جب تک یونیورسٹی حکام کے ساتھ، مالکان اراضیات اور پراونشل گورنمنٹ، اصل میں Law and order situation create ہوتی ہے تو پراونشل گورنمنٹ ذمہ دار ہوتی ہے، تو وہاں پر یہ ایشو بڑا گرم ہوا ہے تو یہ سر بڑا سخت اعتماد۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی سردار ادریس صاحب۔

<u>وزیر بلدیات</u>: جناب سپیکر! اس میں کوئی شک نہیں کہ جسطرح سے آنریبل ممبر نے، اپوزیشن لیڈر نے جو نکتہ اٹھایا ہے کہ وہاں دو یونین کونسلز کے حوالے سے لوگوں کے اندر وہاں پر بے چینی اور بددلی پائی جاتی ہے، میں نے ان کے ساتھ بات بھی کی ہے اور میرے سیکرٹری ریونیو بورڈ بھی آئے ہوئے ہیں، میں نے ان سے بھی بات کی ہے کہ پہلی تاریخ کے بعد، اجلاس ختم ہونے کے بعد میں اور معزز ممبر، اپوزیشن لیڈر، ان کو ساتھ لے جا کر اس مسئلے کو ہم نے Settle کرنا ہے کہ اس کی قیمت کا کم از کم صحیح تعین ہونا چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ۔۔۔۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: یہ اس وقت تک جب تک بات چیت نہیں ہوتی، یہ بند ہو Process۔۔۔۔۔۔

<u>وزیر بلدیات</u>: ٹھیک ہے جی۔ دوسری بات یہ ہے کہ یونیورسٹی کے حوالے صوبائی گورنمنٹ نے باقاعدہ لینڈ رولز پلاننگ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا ہے اور اس کو اس وقت تک ہم سٹاپ کرتے ہیں کہ پہلی تاریخ کے بعد ہم جائیں گے اور اس کو ہم Realistic approach کرینگے اور وہاں پر جو دوسرے لوکل گورنمنٹ کے

منتخب نمائندے ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر ہم اس مسئلے کو انشاء اللہ تعالیٰ Settle کرینگے اور In the mean timeاس کو سٹاپ کرتے ہیں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواست موصول ہوئی ہیں، وہ میں بغرض منظوری ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اسمائے گرامی ہیں: جناب نوابزادہ طاہر بن یامین صاحب، ایم پی اے، آج سے 27 تاریخ تک کیلئے، جناب ڈاکٹر ذاکراللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے، جناب سعید گل صاحب، ایم پی اے، آج کیلئے، محترمہ یاسمین خالد صاحبہ، ایم پی اے، آج کیلئے، محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ، ایم پی اے، آج اور کل کیلئے، Is it the desire of the House that the leave may be granted.

(The motion was carried)

مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: The leave is granted. On behalf of Minister for Law and Parliamentary Affairs, NWFP, the honourable Minister for Information to please move his Demand No.1. Honourable Minister for Information.

جناب آصف اقبال (وزیر اطلاعات): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! میں On behalf ofوزیر برائے قانون و پارلیمانی امور شمال مغربی سرحدی صوبہ، تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 49,358,000 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2008ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

جناب سپیکر: نہیں، ٹوٹل ڈیمانڈ سارا 15,38,58,000 ہے جی۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جی، ڈیمانڈ تو یہ کریں نا، ہاؤس تو Approve کرے گا سارا۔

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): یہ تو Partially اس کے ساتھ ساتھ مانگ رہا ہے نا، یہ اس کے آگے دوسری ڈیمانڈ آرہی ہے سپیکر صاحب، اس کے ساتھ۔

جناب سپیکر: ہاں!

وزیر بلدیات: اس کے ساتھ دوسری آرہی ہے الگ، دوسری آرہی ہے۔

جناب سپیکر: یہاں تو۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! یہاں پر جو بک ملی ہے، اس میں ڈیمانڈ نمبر 1 جو ہے، وہ تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 1 ہے نا۔

جناب عبدالاکبر خان: سارا ڈیمانڈ نمبر 1، Totally لے لیں نا۔

جناب سپیکر: ہاں، ہاں، ڈیمانڈ نمبر 1 ہے نا، ڈیمانڈ نمبر 1 کی Total amount ہے نا؟

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! ټوټل هم هغه چه کوم مونږ سره په دغه باندے وه نو دا ټوټل دے۔

جناب سپیکر: تا سره دا کتاب شته؟

وزیر اطلاعات: سر! بالکل۔

جناب سپیکر: دا ټوټل ته اوګوره، ډیمانډ نمبر 1 د Page 1 نا تر 21 پورے اوګوره۔

وزیر اطلاعات: صحیح ده۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب! اگر یہ ہاؤس سے Approve کرانا چاہتے ہیں تو پھر سارا ڈیمانڈ Approve کرائیں گے نا۔ ہاؤس میں تو دوسرا ڈیمانڈ ہے ہی نہیں، ایک ہی ڈیمانڈ ہے۔

وزیراطلاعات: دے کبنی ډیمانډ نمبر 1 هم دغه دے۔

جناب عبدالاکبر خان: هغے بیا تهیک ده، Charge expenditure او Voted expenditure ځان له دی۔

جناب سپیکر: دے کبنی Voted دے کنه۔

جناب عبدالاکبرخان: نه جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کولے شی بالکل۔

وزیر اطلاعات: اسمبلی سیکرټریټ ته، چه کوم تاسو ته مونږ بله ورځ په ټیبل باندے راکړے دے، تاسو که هغه اوګورئ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Jee, since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No.1, therefore the ……………

جناب عبدالاکبرخان: جناب سپیکر! میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے اس پر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبرخان: یہ اس ہاؤس میں اس اسمبلی کی ڈیمانڈ پر کوئی کٹ موشن ہم نے نہیں دی تو اس کی بھی کچھ وجہ ہے۔ جناب سپیکر! اگر میں یہاں پر آپ کے سیکرٹریٹ کی اور آپ کی تعریف نہ کروں تو میرے خیال میں یہ زیادتی ہوگی کیونکہ ہمیں جو کتاب دی گئی ہے، آپ اس میں دیکھیں تقریباً 100 percent جو ڈیمانڈز ہیں اس اسمبلی کے علاوہ، ان میں Revised estimate بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اگر اس اسمبلی نے پچھلے سال ان کو دس کروڑ روپے دیئے تھے تو انہوں نے دس کی بجائے بارہ کروڑ روپے، پندرہ کروڑ روپے، بیس کروڑ روپے خرچ کئے ہیں یعنی یہاں تک کہ ڈبل، ڈبل خرچ ہوئے اور وہ آپ کی صرف واحد پراونشل اسمبلی ہے کہ جس کو ساڑھے پندرہ کروڑ روپے پچھلے سال اس ہاؤس نے دیئے تھے اور اس کے

باوجود کہ پندرہ پرسنٹ Increase بھی Salaries میں ہوئی، انہوں نے چودہ کروڑ روپے خرچ کردیئے یعنی ڈیڑھ کروڑ روپے کی بچت کی جو کہ ان کو Already allotted ہیں، جو کہ Already ان کو دیے گئے تھے، باقی آپ اگر دیکھیں تو میں ایک ایک کا نام تو نہیں لونگا لیکن ہر ایک نے جب اور یجنل ایک ہے اور Revised میں وہ بڑھ گیا ہے لیکن واحد پراونشل اسمبلی ہے کہ جسے جو بجٹ دیا گیا ہے، جو Approved بجٹ ہے، جو ان کو دیا گیا ہے، اس میں بھی ڈیڑھ کروڑ روپے کی بچت کر کے خزانے میں جمع کر دیا ہے تو میں اس پر تعریف کرتا ہوں اس سیکرٹریٹ کا۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: پوائنٹ آف آرڈر، سپیکر صاحب۔ میں تو اس پر Contradict کرتا ہوں۔ یہ تعریف کرتے ہیں، میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کو پتہ ہے کہ ہمارے ملک میں اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے، یہ وکلاء صاحبان جو تحریک چلا رہے ہیں ڈکٹیٹر شپ کے خلاف، ملک میں جمہوریت کے حق کیلئے اور ہمارے آئین اور قانون کی بالادستی کیلئے تو ہمارے تقریباً تیس اس صوبے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشنز ہیں تو چاہیئے یہ کہ یہ جو پیسے ان کے پاس پڑے ہیں یا نہیں ہیں یا اس میں بھی اگر ایسا کریں کہ جن وکلاء صاحبان نے Recently اپنا ٹائم دیا ہے اور اپنے ملک کیلئے اور جمہوریت کیلئے جدوجہد کی ہے، چاہیئے کہ پانچ، پانچ لاکھ روپے ہر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کو دیں اور پچاس لاکھ روپے ہائیکورٹ بار کو دیں تا کہ یہ لاء منسٹر صاحب جو ہیں، ان کی بھی، ہماری بھی اور ہماری حکومت کی بھی Contribution اس میں ہو اور اس کے ساتھ سپیکر صاحب، یہ جو انہوں نے صنعت، انڈسٹریز کے بارے میں بات کی ہے، اس سلسلے میں میں یہ کہتا ہوں کہ انہوں نے یہ انڈسٹریز میں اتنے پیسے۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بشیر خان! یہ جب کٹ موشنز آئیں گی انڈسٹری کے۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: نہیں، یہ دیکھیں۔۔۔۔

<u>وزیر بلدیات</u>: صوبائی اسمبلی کا یہ ہے، اس میں تو صوبائی اسمبلی سے اوپر ہم نہیں دے سکتے نا، آپ دوسرے

وہ جو اس میں آئے اس پر آپ بات کر کے تجویز پیش کریں۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: نہیں، میں عرض یہ کر رہا ہوں جیسے انہوں نے کہا ہے ڈیڑھ کروڑ آپ نے بچایا ہے تو بچائے ہوئے۔۔۔۔۔۔

<u>وزیر بلدیات</u>: نہیں، اس سے نہیں، صوبائی اسمبلی کے اخراجات سے، آپ سمجھے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: میری ریکویسٹ ہے کہ جو پیسے یہ مانگ رہے ہیں ہم سے، ان پیسوں سے ان کو بھی Accommodate کیا جائے۔

<u>وزیر بلدیات</u>: نہیں، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بشیر بلور صاحب! ان کا موقف یہ ہے کہ پراونشل اسمبلی سیکرٹریٹ اور آپ لوگوں نے، میں نے نہیں، آپ لوگوں کی کفایت شعاری کی وجہ سے ڈیڑھ کروڑ روپے اس ایوان نے بچائے ہیں، باقی جتنے بھی محکمہ جات ہیں، ان کے اخراجات پندرہ، بیس اور تیس فیصد بڑھے ہیں۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: میری Contention یہی ہے کہ جو ہمارے پیسے اگر انہوں نے بچائے ہیں تو مہربانی کر کے اگلے سال میں یہ جو اپنے بجٹ میں پیسے مانگ رہے ہیں، یہ ہماری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشنز اور ہائیکورٹ کو بھی پانچ، پانچ لاکھ روپے دیں تو میرے خیال میں سارا دو کروڑ روپیہ خرچ ہو گا تو اس سے وکلا صاحبان کو بھی سہولت ہو گی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Since no cut motion ----

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر! میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ یہ بات جب ایڈمنسٹریشن آف جسٹس کا ڈیمانڈ آجائے، اسی میں یہ بشیر خان، یہ تو صرف پراونشل اسمبلی کا Specific ۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: میں اس پر اعتراض نہیں کرتا، انہوں نے ٹھیک کیا ہے مگر میں یہ کہتا ہوں کہ یہ جو ڈیمانڈ ہم سے پاس کرا رہے ہیں تو اس میں ان کو بھی Accommodate کریں۔

Mr. Speaker: Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No.1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it, may say 'yes'
And those against it, may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No. 2. On behalf of Minister for Law and Parliamentay Affairs, the honourable Minister for Information, NWFP, to please move his Demand No. 2. Honourable Minister for Information, please.

جناب آصف اقبال (وزیر اطلاعات): شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! میں وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کی طرف سے تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 615,052,000 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30جون 2008ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم ونسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is
"that a sum not exceeding Rs.615,052,000 only be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2008 in respect of General Administration".
Cut motions on Demand No. 2. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Mr. Abdul Akbar Khan.

جناب عبدالاکبر خان: سر! میں پانچ کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs. 5 crore only. Mr. Pir Muhammad Khan, MPA, to please move his cut motion on demand No. 2.

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! میں ڈیمانڈ نمبر 2 میں تین کروڑ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs. 3 crore only. Mr. Ikramullah Shahid, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. It lapses. Mr. Bashir Ahmad Bilour, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Mr. Bashir Ahmad Bilour, MPA, please.

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! زه د ایک سو گیاره روپو کٹ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs. 111 only. Mr. Saeed Gul, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. It lapses. Mr. Anwar Kamal Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Lapsed. Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Lapsed. Shahzada Muhammad Gustasip Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2.

شہزادہ محمد گستاسپ خان: میں ایک سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs. 100 only. Mst. Nighat Yasmin Orakzai, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 2.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں اس پر ایک سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs. 100 only. Syed Murid Kazim Shah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Lapsed. Dr. Simin Mehmood Jan, MPA to please move her cut motion on Demand No. 2. Lapsed. Mr. Israrullah Khan Gandapur, MPA, to please

move his cut motion on Demand No. 2. Lapsed. Mr. Abdul Akbar Khan…………

جناب آصف اقبال (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر! هغه بله ورځ آنریبل ممبرز پراونشل اسمبلی دوئ په ریکوئسټ باندے مونږ د Saturday چه کوم سیشن وو، هغه چھټی کړے وه او دا هم یو Consensus develop شوے وو چه بعض محکمو باندے به زمونږه چه کوم ملگری دی، هغوی به خپل کټ موشنز پیش کړی او بعضے به Withdraw کړی نو ما هغوی سره په هغه ټائم چه کوم زمونږ یوه ورځ Lapse شوے دےنو دے دوه ورځو کښې به مونږ Cover کړو ځکه چه Demands for grant ډیر زیات دی، کټ موشنز هم زمونږ د آنریبل ممبرز ډیر زیات دی نو ستاسو په وساطت سره زه دوئ ته ریکویسټ کوم چه اوس زمونږ اپوزیشن لیډرز دی، ممبرز دی او ملگری دی چه هغوی دا خپل -----

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دا چه کوم Important cut motions دی، د ے باندے به خا مخا خبره کوؤ-----------

جناب سپیکر: جی، مسٹر عبدالاکبر خان، ایم پی اے۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ باقی ڈیمانڈز کی طرح یہ بھی ایک انتہائی اہم ڈیمانڈ ہے اور جسطرح میں نے شروع میں کہا جناب سپیکر، کہ جب اس صوبے کی Highiet posts ہیں یعنی گورنر، چیف منسٹر، منسٹرز، اگر وہ Financial discipline نہیں رکھ سکتے، اگر وہ جو چیز مانگتے ہیں، فنانس ان کو دیتا ہے اور اس کے باوجود بھی کہ ان کی مرضی کا پیسہ ان کو ملتا ہے، اسی پر بھی وہ تقریباً increase % 50 کر جاتے ہیں جناب سپیکر، تو اس غریب صوبے کی کیا حالت ہو گی؟ آپ جناب سپیکر، اس میں دیکھیں کہ گورنر ہاؤس کے جو اخراجات تھے، ان کیلئے تین کروڑ، تیرہ لاکھ روپے رکھے گئے جبکہ انہوں نے خرچ کئے پانچ کروڑ، دس لاکھ، اب میں نہیں سمجھتا کہ جناب سپیکر، اتنی

Increase کہ تین کی بجائے پانچ کروڑ روپے، Almost تقریباً ڈبل خرچہ کر دیا ہے۔اب اس میں اگر میں Detail میں جاؤں تو صرف بجلی کا پینتیس لاکھ کی بجائے انہوں نے پچاس لاکھ روپے بجلی کا خرچ گورنر ہاؤس میں کر دیا۔ اس طرح جناب سپیکر، ٹیلیفون کیلئے گیارہ لاکھ روپے یعنی ایک لاکھ روپے مہینہ رکھے گئے تھے لیکن ایک لاکھ روپے مہینہ پر گورنر ہاؤس کا گزارہ نہ ہو سکا اور گورنر ہاؤس نے پچیس لاکھ روپے ٹیلیفون پر خرچ کئے، یعنی مطلب ہے کہ وہ More than double ہے۔اب اگر ایک ایک یوٹیلٹی پر آپ ڈبل، ڈبل خرچ کرتے ہیں تو وہ پیسہ تو اس خزانے سے جاتا ہے۔اسی طرح جناب سپیکر، اگر آپ چیف منسٹر کا لے لیں تو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کیلئے چھ کروڑ انہتر لاکھ روپے پچھلے سال رکھے گئے تھے، اب چھ کروڑ، انہتر لاکھ کی بجائے انہوں آٹھ کروڑ، تہتر لاکھ روپے خرچ کر دیئے یعنی دو کروڑ روپے زیادہ، More then twenty five percent زیادہ اور پھر اگر میں ان یوٹیلٹی میں جاؤں، دوسری بات میں نہیں سمجھ سکا جناب سپیکر، کہ یہاں پر لکھا ہے کہ چیف منسٹر کی Pay دو لاکھ، باون ہزار ہے لیکن Actual میں وہ چار لاکھ ہے یعنی Increase in pay of Chief Minister کہاں سے آگیا؟ ہاں اگر وہ % 15 جو ہمیں نہیں مل رہا ہے، % 15 تو گورنمنٹ ایمپلائز کو ملتا ہے، نہیں میرا مطلب ہے کہ گورنمنٹ ایمپلائز کیلئے ہے وہ Increase % 15، یہاں پر یہ increase % 100 اس کی تنخواہ میں کہاں سے آگیا؟ اور پھر میں وہ بات نہیں کرتا کہ Discretionary grant میں جو اتنی زیادہ Increase کرادی گئی ہے، ان کیلئے جو رکھے گئے تھے، جو ان کو ملنا ہے تو اسی طرح پھر جناب سپیکر، اگر آپ ذرا ٹیلیفون کے لے لیں تو آپ دیکھیں جناب سپیکر، کہ 17 لاکھ روپے ان کے ٹیلیفون کیلئے رکھے گئے لیکن ان کے سیکرٹریٹ نے 44 لاکھ روپے کے ٹیلیفون کر دیئے، اب چار لاکھ روپے مہینہ ٹیلیفون کا بل، جناب سپیکر، اس غریب صوبے کا کیا ہوگا؟ اگر واقعی ان کو 44 لاکھ کی ضرورت تھی تو 44 لاکھ رکھ لئے جاتے لیکن رکھے 17 لاکھ اور خرچ انہوں نے کیا 44 لاکھ اور آئندہ سال کیلئے 18 لاکھ، اب ہم یہ نہیں سمجھتے، یہ بھی ایک مذاق ہے کہ جب ہم

بجٹ کی کتابیں دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ فلاں سیکرٹریٹ کیلئے 18 لاکھ روپے، جس طرح میں نے شروع میں عرض کیا کہ جب وہ ڈیپارٹمنٹ، فنانس ڈیپاٹمنٹ کے ساتھ بیٹھتا ہے، Reconcile کرتا ہے بجٹ سے پہلے اور پھر انکے ڈیمانڈ کے مطابق پیسے رکھے جاتے ہیں لیکن اگر انکے ڈیمانڈ پر پیسے جو رکھے جاتے ہیں، ان میں بھی ہر ایک یوٹیلٹی بلز میں اگر increase 100% ہو اور چھ کروڑ کی بجائے آٹھ کروڑ روپے کا خرچہ ہو تو جناب سپیکر، اس صوبے کا کیا ہوگا؟ اگر ہم Financial control اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتے، ٹھیک ہے اگر چیف منسٹر کو آٹھ کروڑ کی ضرورت تھی تو آٹھ کروڑ رکھے جاتے۔ اسی طرح جناب سپیکر، اگر آپ منسٹرز کا بھی لے لیں۔ اب جناب سپیکر، Entertainment کی میں بات کرتا ہوں کہ چیف منسٹر کی Entertainment کیلئے 44 لاکھ روپے رکھے گئے تھے لیکن 91 لاکھ روپے صرف Entertainment پر خرچہ ہو گیا، جناب سپیکر، Entertainment پر 91 لاکھ روپے! (قہقہہ) اب جناب سپیکر، یہ اتنی Wastage اور اتنی زیادتی؟ ہم اگر پھر کہتے ہیں کہ جی Special assistance کیلئے 90 لاکھ روپے رکھے گئے تھے اور انہوں نے ایک کروڑ تیرہ، لاکھ روپے Special assistance میں جناب سپیکر، خرچ کر دیئے تو میں نہیں سمجھتا کہ جب ایک طرف آپ کی پراونشل اسمبلی ڈیڑھ کروڑ روپے کی بچت کرتی ہے اور دوسری طرف جو ہے ناں وہ سیکرٹریٹ، جہاں پر Highiest executive offices ہیں، گورنر ہاؤس ہے، چیف منسٹرز سیکرٹریٹ ہے، چاہیئے تو یہ تھا کہ وہ بھی کچھ کفایت شعاری سے کام لیتے اور چھ کروڑ کی بجائے پانچ کروڑ روپے خرچ کرتے لیکن انہوں نے چھ کروڑ کی بجائے آٹھ کروڑ اور گورنر ہاؤس نے تین کروڑ کی بجائے پانچ کروڑ روپے خرچ کئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کیلئے کوئی Justification ان کے پاس نہیں ہے۔ اسلئے میری یہ تجویز ہے کہ جو میں نے پانچ کروڑ کی کٹ موشن پیش کی ہے، اس کو یہ ہاؤس منظور کر لے تو مہربانی ہو گی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: جناب پیر محمد خان صاحب۔

جناب پیر محمد خان: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! عبدالاکبر خان خبرے اوکړے ، زیات تفصیل کښې خو نه ځمه خو دا چونکه ــــــــــ

جناب سپیکر: چه په تفصیل کښې نه ځے نو کښینه کنه ـــــــ۔

جناب پیر محمد خان: نه لږه دا خبره کومه ـــــــــ

جناب سپیکر: د دے نه زیات تفصیل نه شی کولے۔

جناب پیر محمد خان: چه په دے کښې په گڼتونو باندے څومره خرچه شوی ده؟ او په دے کښې سرپلس کسان دی، سرپلس، چه دوئ نوی پوسټونه غواړی، هغه سرپلس ناست دی غریبانان، هغوی ته تنخواه خو ځی نو هغوی ولے نه په دے ځایونو باندے په ځائے کوی؟ په 46 صفحه باندے تاسو اوګوری جی چه په دے کښې د سرپلس کسانانو د پاره دوئ ډیمانډز نمبر 4764, 4157, 4150, 42028 کړی دی، چه په لکهونو روپئ زمونږه د میاشتے میاشتے ځی او خرچ کیږی په پوسټونو او ډیوټی د هغوی نه وی، سرپلس وی، په هغه ځایونو باندے دا کسان دوئ لګوی ولے نه چه خپله ډیوټی صحیح اوکړی؟ بیا د چیف منسټر په سیکرټریټ باندے عبدالاکبر خان چه اووئیل تقریباً دوه کروړه روپئ اضافی خرچه شوے ده او د منسټرانو په سیکرټریټ باندے هم تقریباً دوه کروړه روپئ اضافی خرچه شوے ده نو دا خو د فقیرانو حکومت دے نو پکار خو دا وه چه کم شوے وے لکه عبدالاکبر خان چه مثال پیش کړو چه زمونږه اسمبلی چه دا ځان له لویه اداره ده، تقریباً څه د پاسه چارسو په دے کښې ملازمین دی او ایک سو چوبیس پکښې ممبران دی نو چه دا اسمبلی یو نیم کروړ روپئ بچت کوی او هلته دوه کروړه روپئ زمونږه یو یو سیکرټریټ خساره کوی نو دا خو بے انصافی ده۔ څنګه چه دلته کفایت شعاری کیدے شی نو ولے هلته کښې نه شی کیدے؟ نو هلته

کښې دوئ کفایت شعاری نه ده کړې بلکه الټا ئے زیاته خرچه راوستے ده۔ د انتې کرپشن محکمے د پاره تین کروړ، سوله لاکھ روپئ، نو دا خو انتې کرپشن نه ده، ملټی کرپشن ده۔ دا خو د ټولو نه بیا پیسے اخلی، دوئ خو د هرے محکمے نه رشوتونه اخلی، دوئ د ایجوکیشن نه رشوتونه اخلی، دوئ د هلیتھ نه رشوتونه اخلی، دوئ د سی این ډبلیو نه رشوتونه اخلی، دا خو د سره دے محکمے ته هډو ضرورت نشته دے۔ په دے باندے عبث پیسے چه لګی، د دے په ځائے که د پولیس تعداد لږ سوا شوی او دا پیسے هغوی ته اوځی، دا به زیاته ښه وی په ځائے د دے چه دوئ دا هم د محکمو نه اخلی او هم ورته زمونږه د بجټ نه پیسے ځی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب پیر محمد خان: په دے کښې د فقیرانو حکومت دے خو تاسو چه په هره صفحه باندے ګورئ نو فرنیچرے اغستے کیږی، په هره صفحه او په هره صفحه چه تاسو ګورئ نو مشینری، ګاډی اغستلے کیږی۔۔۔۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): مختصر الفاظ میں یہ ہے کہ آپ دس دفعہ یہ دہرا چکے ہیں، اگر کوئی نئ بات ہے تو کرلیں ورنہ بات تو آپ نے کرلی ہے۔

جناب پیر محمد خان: نوئ ګاډی وائی نه اخلو او په ګاډو باقاعده ښه په دے بجټ کښې، هم دا کتاب دے، په دے کښې دوئ هغه خرڅه پرے راوستے ده نو اوس په دے باندے نه پوهیږوچه دا بیا د ګیس خرڅه، بیا د بجلئ خرچه، بیا د بجلئ خرچه، بیا Hot and cold weather charges نو د دے څه مطلب دے چه په یو ځائے کښې د بجلئ خرچه ده، بل ځائے کښې د ګیس خرچه ده، بل ځائے کښې هم د بجلئ خرچه ده، بل ځائے کښې بیا Hot cold weather, دا پکښې څه بل څه شے دے؟ هم دغه د بجلئ، دغه د ګیس خرچے دی نو چه دغے په یوځائے کښې بل ورکوی په یو

رنګ کښې، بل ځائے کښې په دے کښې بیاجداپکښې ورکوی۔ نوداپه کروړونو روپئ زمونږه اوداپه یو ډیپارټمنټ کښې نه، دا تاسوچه ګورئ، په Page 49 باندے ګورئ اوداسےد دے هر Page چه ګورئ نوداچارجز پکښې راغلی دی۔بیادےکښې ګورئ جی دا میډیکل،یوکروړ روپئ په یوځائے کښې میډیکل دے ، بیامیډیکل ته ګورئ،چه په هر Pageباندے ګورئ نو میډیکل پکښې شته۔ اوس په دے باندے نه پوهیږو چه دا څوک څوک دومره میډیکلے جوړوی او څوک ئے اخلی؟ دامشینری،چیف منسټرسپیشل،دوه نیم کروړه روپئ دهغے دی،داخدائےخبرچه په سپیشل کښې هغه څه ډیوټی راځی؟ په ډیر ځایونو کښې خو ما ډیر لږ مختصر پوائنټ راچت کړی دی۔ما وئیل چه یره که وخت کم وی -----

جناب سپیکر: ورک شوی دی درنه جوړے ؟

جناب پیر محمد خان: نه دا پاڼړے پکښې خو ما ډیرے ماتے کړے وے خو زه ئے شارټ کومه۔ ټرانسپورټ، دا تاسو ګورئ جی په Page 64 باندے ګورئ ټرانسپورټ دے ، بیا لاندے ګورئ نو فرنیچراو--------

جناب سپیکر: پروسکال خو د د بل چا نه شے وهلے وو۔

جناب پیر محمد خان: فرنیچر دے ، بیا فرنیچر دے ، بیا ټرانسپورټ دے----

(تالیاں)

جناب سپیکر: پروسکال ئے ټول د عبدالاکبر خان تقریر کړے وو۔

جناب پیر محمد خان: دا ګورئ سپیکر صاحب، په دے کښې A 09001 بیا001 ټرانسپورټ دوه ځایه، بیا ورپسے لاندے ګورئ فرنیچر، A09701، بیا001، بیا فرینچر، بیا فرنیچر، بیا A13001 ټرانسپورټ، بیا مشینری ګورئ، فرنیچر

ګورئ، دا خو د فقیرانو حکومت دے چه دا فرنیچرے، دا ټرانسپورټے، دا مونږه ګورو نو زما خیال دے چه دومره خرچه خو به مخکښے چرته نه وه شوے-------

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! د پورا کتاب په ځائے چه په دوه لفظونو کښ خبره اوکړی چه څه وئیل غواړی، هغه به--------

جناب پیر محمد خان: جناب سپییکر! بیا تاسو میډیکل ته ګورئ جی، په دے کښ بیا نو کروړ روپئ دی--------

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! یہ کتاب سب کے پاس ہے، سب کو یہ پتہ ہے۔یہ صرف پوائنٹ بتادیں۔یہ اگر کتاب پوری پڑھ کر سنائیں گے تو یہ تو شام تک تو صرف یہ ایک ڈیمانڈ نمٹ جائیگا۔

جناب پیر محمد خان: یہ منسٹر مجھے یہ وضاحت کریں-----

جناب کاشف اعظم (وزیر برائے بہبود خواتین): هسے جناب سپیکر، یو سیکنډ جی، زمونږه دا غلطی دومره وړے دی کنه چه ده ته د Magnifying glass حاجت پریوتو او د زړو حکومتونو غلطئ او ګناهونه دومره غټے وے چه خلقو ته به د ورځے د نمر په شان ښکاریدے۔

جناب پیر محمد خان: د منسټرانو په سیکرټریټ دوه کروړه اضافی خرچه راغلے ده او د چیف منسټر په هغه هم، دوئ د د دے وضاحت اوکړی چه دا خرچه دوئ په څه چل کړے ده چه اضافی خرچه ئے په څه څیز باندے راوستے ده؟ د دے لږ وضاحت پکار دے۔ په دے کښ دا د بجلئ بلونه، د ګیس بلونه چه درے څلور ځائے په یو دغه کښ راغلی دی---------

جناب سپیکر: ستا د دے ټول تقریر خلاصه دا ده چه درے کروړه روپئ د د دے ډیمانډ نه کټ کړے شی۔

<u>جناب پیر محمد خان:</u> دا زیاتے خرچ شوی دی۔

<u>جناب سپیکر:</u> ښه بس کښینه۔ بشیر احمد بلور صاحب۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> جناب سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب! په دے باندےخو تفصیلی خبرے اوشوے خو زه به صرف دا عرض اوکړم چه تاسو اوګورئ چه91لاکھ روپئ د چیف منسټر هاؤس خرچه کیږی د Entertainment دپاره نو چه تاسو حساب اوکړئ نو تقریباً تیس هزار روپئ Daily، نو دا په کوم دنیا کښ ده؟ غریبانان خلق د لوږے نه مره کیږی، نن د خلقو دا حال دے چه روټئ نه پیدا کیږی او دا نوے لاکھ روپئ تاسو په یو کال کښ په خپل Entertainment باندے خرچه کوئ۔ سپیکر صاحب! د بجلئ بل دوه کروړه روپئ یا چه څومره دوئ غواړی، دومره زیاتے پیسے د څه د پاره دوئ اخلی؟ سپیکر صاحب! یو خو غیر Elected خلقو ته، مشیر وغیره ته موټرے ملاؤ شوی دی، د هغوی پیټرول د حکومت په خزانه باندے راځی، داکوم خلق چه ایم پی اے صاحبان دی، دوئ ته ګاډی ملاؤ شوی دی، هغه هم غیر آئینی طور باندے، دا په هیڅ رولز کښ نشته دے چه ایم پی اے ته ګاډے ملاؤ شی، د هغوی ټول اخراجات دے کښ دی۔ سپیکر صاحب! د اتلس وزیران دوئ ډیمانډ کوی، په هغه اتلس وزیرانو کښ دوه وزیرانو صاحبانو استعفے هم ورکړے دی، د هغوی ټول سټاف هم هغه شانتے اتلس دی، دے کښ شته دے، تاسو ګورئ۔ اتلس چه هغه کوم پرائیویټ سیکرټریان دی، هم هغه شانتے دی۔ پکار دی چه هغه بل ډیپارټمنټ ته ورکړی چه د هغوی پیسے خو بچ شی۔خو سپیکر صاحب، هډو څوک پرواه نه ساتی چه دا پیسه د قام پیسه ده او پکار ده چه مونږه خپل اخراجات کم کړو۔ سپیکر صاحب! نوی نوی ګاډئ، تاسو نن زمونږه د چیف منسټر صاحب ګاډے اوګورئ، ما خو پرون اوکتو، زماخیال دے چه زمونږه په صوبه کښ خو چا سره

دومره لوئے گاډے نشته دے۔ زمونږه عاجزه او غریب صوبه ده، زمونږه د غریبانانو حکومت دے، مونږه د اسلام خبره کوؤ، مونږه د شریعت خبره کوؤ، کوم اسلام او په کوم شریعت کښې دا دی چه زه به د دوه کروړو په گاډو کښې به گرځمه او که غریب سړے دے نو هغه به په سائیکل گرځی؟ نو سپیکر صاحب، دومره زیات اخراجات، چه هغه تاسو خالی Entertainment اوگورئ، تاسو خالی د بجلئ بل اوگورئ، تاسو د دے وزیرانو صاحبانو، دوئ خو وائی چه مونږه زر روپئ کمے اخلو، د پیټرولو حساب اوکړئ، د دوئ هغه د اتلسو وزیرانو تنخواه چه ده، اوس زه نه پوهیږم، اخبار کښې راغلی دی، I do not know چه اخبار ټهیک وئیلی دی که غلط، چه زمونږه وزیر صاحب استعفیٰ ورکړے ده خو بیا هم دوه لکهه روپئ د هغوی په نوم باندے چیک کټ شوے دے، استولے ئے دے۔ اخبار کښې راغلی وو، زه نه پوهیږم چه ټهیک دی که غلط دی۔ سپیکر صاحب! دا ولے داسے زیاتے کیږی؟ شپاړلس کسان وزیران دی او اتلس کسان چه دی، د هغوی پرائیویټ سیکرټریان، د هغوی پورا سیکرټریټ، د اتلسو کسانانو سیکرټریټ شته، د هغه دوه وزیرانو سیکرټریټ چه دے، هغه بل خوا ولے نه ټرانسفر کیږی؟ د هغوی ټول بوجھ په دے خزانه باندے پریوځی۔ نو سپیکرصاحب، نوئ گاډی، دا د بجلئ بل، دا Entertainment bill د وزیرانو صاحبانو، هغه اتلس وزیران په کتاب کښې دی، په هغے کښې دوه وزیرانو استعفیٰ ورکړے دی خو د اتلس وزیرانو پرائیویټ سیکرټریان او سیکرټریان هم هغه شانتے تنخواه اخلی نو دا ظلم دے۔ زما دا خواست دے سپیکر صاحب، چه دا مونږه خامخا، ما خو د ډیرو لږو پیسو کټ موشن پیش کړے دے، پکار ده چه پینځه کروړه روپئ کم از کم_او که هسے سپیکرصاحب، بل عرض اوکړم، اوس خو دوئ دلته تاسو نه څه غواړی، زه تاسو ته دا حلفیه وایم چه بیا به په ضمنی بجټ کښې د دے نه زیات غواړی څنگه چه

عبدالاکبر خان هم پوائنټ آوټ کړل، دوئ روستو ځل اوولس کروړه غوښتی وو، بیا دوئ ځلور ځلویښت کروړه خرچ کړل، اوس بیا اتلس غواړی، بیا به په ضمنی بجټ کښې دوئ دا Increase کړی نو سپیکر صاحب، ما خو مخکښې هم دا ریکویسټ کړے وو چه هڅو د بجټ د جوړولو ضرورت نشته ولے چه بیا دوئ دومره زیات په ضمنی بجټ کښې اخراجات اوکړی چه د هغے بیا فائده نه وی چه مونږه دلته کښې ځان هم مړ کړو، کتابونه هر څه اوګورو او فائده پکښې نه وی نو زما به دا خواست وی چه یو پینځه کروړه روپئ د دے ډیمانډ نه کټ کړے شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ستا خو خپلے ایک سو ګیاره روپئ کټ موشن راوستے دے۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: خوزه ئے سپورټ کوم چه پینځه کروړه د شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: جناب سپیکر! میں۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سراج الحق</u>: جناب سپیکر!

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: سر! یہ بعد میں کریں ناں وضاحت۔ بعد میں کریں ناں یہ وضاحت۔

<u>جناب سپیکر</u>: د دے نه روستو، د دے نه روستو۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: سر! میں زیادہ ٹائم نہیں لونگا، عبدالاکبر خان اور بشیر بلور صاحب نے جو باتیں کی ہیں، .I fully agree with them اور میں عبدالاکبر خان کی اس بات کے ساتھ Agree کرتا ہوں کہ ڈیپارٹمنٹ Totally اپنے فرائض کی انجام دہی میں فیل ہو گیا ہے اور جو کٹ موشن انہوں نے دیا ہے، اسے Accept کیا جائے.

<u>جناب سپیکر</u>: جی، سراج الحق صاحب۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سراج الحق صاحب کو پھر اٹھنا ہوگا، میرے Personal

explanation کے بعد Personal explanation کیلئے پھر اٹھیں گے، تو جب میں ابھی بات کرلوں تو پھر ایک ہی دفعہ دونوں کی بات کا جواب وہ دیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیونکہ ان کیلئے بھی اور میرے لئے بھی وہ جواب دیں گے۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب! نگہت اورکزئی صاحبہ آپ پر ترس کھا رہی ہیں کہ دو دفعہ میں انکو تکلیف نہیں دونگی تو جب میں بات کرلوں تو ان کو ایک دفعہ مطلب ہے کہ۔۔۔۔۔۔

جناب سراج الحق: جناب سپیکر صاحب! جب سے حقوق نسواں بل پاس ہوا ہے، ہمارا یہ حال ہوا ہے آپ کی مجلس میں اور میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ کم از کم اس ایوان میں ایک حقوق مرداں بل پیش کیا جائے تاکہ ہمارا بھی کچھ استحقاق رہے۔۔۔۔۔۔۔

(قہقہے/ تالیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! اس کیلئے سراج الحق صاحب کو جنرل مشرف صاحب کو دوبارہ ریکویسٹ کرنی پڑی گی کیونکہ حقوق نسواں بل انہی کی کوشش سے پاس ہوا ہے اور ہم اس کو کریڈٹ دیتے ہیں کہ حقوق نسواں بل پاس ہونے کے بعد ہمیں کم از کم کچھ آواز اٹھانے کا موقعہ ملا ہے تو یہ حقوق مرداں بل کیلئے جنرل پرویز مشرف صاحب سے رجوع کریں۔

جناب سراج الحق: جنرل صاحب ہمیں کیا دیں گے؟

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! زما دا خواست دے چہ پرون او بلہ ورځ پہ کراچئ کښې ډیر لوئے طوفان راغلے وو، درے سوہ کسان پکښې مړہ شوی دی، زہ مولانا صاحب تہ خواست کومہ چہ د هغوی د پارہ دعا اوکړی۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی سے درخواست ہے کہ وہ کراچی۔۔۔۔

جناب سراج الحق: سپیکر صاحب! زه ولاړ یمه جی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: جناب سپیکر! ساتھ ہی آج ایک بس کا۔۔۔۔

جناب سراج الحق: ما اجازت غوښتے دے تاسو نه۔ یو ځل مو فلور راکړے هم دے جی خو نګهت صاحبے زما هغه خبره کټ کړه۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: فلور تو ابھی آپ نے دی نہیں ہے، سر۔

جناب سراج الحق: جناب سپیکر! زه دا عرض کومه جی۔ ستاسو خبره به آنر کړو جی، اول خو به خیر دعا اوکړو چه خومره مړه شوی دی، خدائے پاک د په ټولو باندے رحم، کرم او فضل اوکړی او خدائے د دا باقی وطن هم د طوفانونو نه او دے آفتونو او مصیبتونو نه محفوظ کړی۔ جناب سپیکر صاحب! زه به یو ذاتی وضاحت دا اوکړمه، د بلور صاحب محترم خبره خو ما پورا وانه وریدله خو دا ده چه کله هم بجټ پاس کیږی، دے پخپله منسټر هم پاتے شوے دے او د دے بجټ د جوړیدو د ټول پراسس نه خبر دے۔ همیشه په بجټ کښ یو شے Allocate هم شی خو ضروری نه ده چه هغه پیسه د خزانے نه بیا بهر هم اوځی، د دے وجے نه په بجټ کښ که د اتلس وزیرانو د پاره تنخواګانے ایښودلے شوی هم دی ۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ یہ تو کٹ موشنز جب ختم ہو جائیں گی تو اس کے بعد حکومت جواب دے گی، پھر آپ دیں ناں جواب۔ جنہوں نے کٹ موشنز موو کی ہیں، وہ تو پھر پورا کریں۔

جناب سراج الحق: میں تو ایک۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو Personal explanation پر بات کر رہے ہیں۔

جناب سراج الحق: میں تو ذاتی وضاحت کی بنیاد پر بات کرنا چاہونگا، سرکار کے لوگ انشاء اللہ سرکار کی

وضاحت کرینگے، منسٹر بیھٹے ہیں۔ میں صرف یہ عرض کرونگا کہ 'ایکسپریس' اخبار میں ایک خبر آئی تھی کہ بجٹ میں دو وزراء کے استعفیٰ کے بعد بھی ان کیلئے پیسہ رکھا گیا ہے اور اس کے اگلے دن خود انہوں نے اس کی تردید کر دی اور معذرت کر دی اور جب ظاہر ہے ایک بہت ذمہ دار ادارہ ایک تردید اور معذرت کرلیتا ہے، اس کو ہم قبول بھی کر لیتے ہیں شریف لوگوں کی طرح البتہ یہ ہے جناب سپیکر صاحب، 30 تاریخ کو میں نے استعفیٰ دیا اور یکم تاریخ کو گورنر نے استعفیٰ منظور کیا اور اگلے دن الحمدللہ جو گاڑی تھی یا میرے پاس ٹیلیفون تھا یا جو کچھ بھی تھا، وہ سب واپس کر دیا۔ باقی جہاں تک سٹاف کی بات ہے تو سٹاف کسی فرد کے ساتھ متعلق نہیں ہوتا ہے۔ یہ سٹاف جو ہوتا ہے، یہ سرکار کا ہے اور وہ ایک ریگولر سروس پر کام کرتا ہے اور اسلئے میر اسٹاف جب فارغ ہو گیا تو انتظامیہ نے اس کو ایک اور وزیر کے حوالے کر دیا اور ایک اور وزیر کے ساتھ وہ کام کرنے لگے، اسلئے یہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ آپ کی وضاحت ہو گئی۔ ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> جناب سپیکر صاحب! میں نے یہ عرض کیا ہے، میں نے کہا ہے کہ یہ جو سٹاف ہے، وہ ابھی تک Ministerial کے حساب سے پیسے لے رہے ہیں، چاہیئے یہ کہ اس کو کسی جگہ پر ایڈجسٹ کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> بشیر بلور صاحب! مطلب یہ ہے کہ وہ تو Permanent staff ہے، وہ اس کو ڈسمس تو نہیں کر سکتے ہیں۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> میں تو کہتا ہوں کہ وہ فارغ بیٹھے ہیں، ان کو کسی دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں ایڈجسٹ کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، دوسرے کا مطلب ہے کہ وہ۔۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> ان کو کسی دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں ایڈجسٹ کیا جائے۔

جناب سپیکر: ہاں۔جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سراج الحق: میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ سٹاف کسی دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں ہے۔ بہر حال جناب سپیکر صاحب، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں دو وزراء فارغ ہو گئے ہیں، وزارت سے فراغت کے بعد کسی سابق وزیر نے کوئی مراعات نہیں لی ہیں کسی بھی لحاظ سے۔

جناب سپیکر :جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: میں نے آپ سے یہی عرض کیا ہے کہ میں سٹاف کا کہہ رہا ہوں کہ جو سٹاف ہے، وہ ابھی تک اسی طرح بیٹھا ہے، اس کو دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں ایڈجسٹ کیا جائے تاکہ یہ پیسہ جو حکومت کا ہے، وہ ضائع نہ ہو۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس کا موقعہ دیا اور آپ کی وساطت سے۔۔۔

جناب آصف اقبال (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! ستاسو دے پوائنٹ طرف ته توجه را گرځوم جي چه کوم مونږه سره ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! یہ تو اس کا سرکاری وہ ہے، یہ بعد میں وضاحتیں دیں، پہلے ہمارا کٹ موشن تو سن لے ناں۔۔۔

وزیر اطلاعات: میں وضاحت نہیں کر رہا، سر۔ ہمارے پاس کٹ موشن کی جو لسٹ ہے، اس میں میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ کا نام شامل نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اگر آپ کے پاس نہیں ہے تو آپ عینک لگا کر دیکھیں کہ اس میں پوری لسٹ میری موجود ہے۔

ایک معزز رکن: کٹ موشن کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اگر آپ لوگوں کے پاس نہیں ہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: ڈیمانڈ نمبر دو پر دیکھیں، ان کا نام نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! انہوں نے تو پیر محمد خان صاحب پر الزام لگا یا دیا تھا کہ انکی نظر کام نہیں کرتی لیکن میرا خیال ہے پورے منسٹرز صاحبان کی نظر کام نہیں کرتی ہے کہ نگہت اورکزئی کا نام نظر نہیں آتا۔۔۔۔۔

محترمہ صابرہ شاکر: جناب سپیکر صاحب! ہمارے پاس لسٹ میں نہیں ہیں یہ۔

جناب سپیکر: میرے پاس ہے۔

محترمہ صابرہ شاکر: لیکن وہ کہہ رہی ہیں کہ سب کے پاس ہے تو یہ دعویٰ غلط ہے، ہمارے پاس نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ لسٹ سب کے پاس موجود ہے، میرا خیال ہے کہ اگر آپ مجھے ڈسٹرب کرنا چاہتی ہیں تو وہ الگ بات ہے بہر حال جناب سپیکر صاحب، سینیئر منسٹر صاحب نے جو وضاحت کی ہے تو آپ کے پاس یہ بجٹ کی کاپی موجود ہے، میں زیادہ تفصیل میں اس کٹ موشن پہ نہیں جاونگی، درویشوں کی حکومت ہے، فقیروں کی حکومت ہے، اسلام اور کتاب کے نام پہ آئی ہوئی حکومت ہے اور جتنے اخراجات کا انہوں نے تخمینہ بتایا ہے، اس تفصیل میں بھی نہیں جاتی ہوں لیکن میں آپ کی وساطت سے بات کرنا چاہتی ہوں کہ سینیئر منسٹر صاحب نے ابھی کہا کہ یہ ایکسپریس اخبار میں خبر آئی ہے جس کی تردید کر دی ہے تو جناب سپیکر صاحب، اگر آپ یہ بجٹ کی کتاب کھولیں اور اس میں صفحہ 61 دیکھیں اور اس میں یہ دیکھیں کہ سینیئر منسٹر کیلئے دو لاکھ اور Some thing جو ہے، وہ پیسے رکھے گئے ہیں اور اس کے علاوہ منسٹرز کی تنخواہیں

پچھلے سال چھتیس لاکھ روپے تھیں جبکہ اس تہتر لاکھ روپے ہوئی ہیں۔آپ منسٹرز کا جو صفحہ نمبر 61 ہے، اس میں جائیں۔اس کے علاوہ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ یہ جو درویش ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب ہیں اور جو گورنر ہاؤس پر بھی ہم بات کر رہے ہیں کیونکہ وہ آپ سمجھتے ہیں ہم ان کے نمائندہ بھی ہیں لیکن اس کے باوجود یہ اخراجات جو ہیں، یہاں پر جب بات ہوتی ہے کہ اسلام آباد کی جو بجلی ہے، وہاں سے تو ہمیں اپنے خون کی خوشبو آ رہی ہے کہ وہ ہمارا خون جو ہے، وہاں پر جل رہا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، اس صوبے میں جو اتنی گرانٹس دی جاتی ہیں اعلیٰ اداروں کو، میں مبارکباد دیتی ہوں آپ کو کہ آپ نے بچت کی اور آپ کے ساتھ تعاون کیا تمام ایم پی ایز نے لیکن مجھے یہ بتائیں کہ چیف منسٹر اور سینیئر منسٹر الگ ہیں، اگر آپ دیکھیں تو سینیئر منسٹر کی کوئی پوسٹ ہے ہی نہیں، اس کے باوجود سینیئر منسٹر کو جو دو لاکھ روپے اور some thing کی جو رقم دی گئی ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ کتاب میں یہ موجود ہے صفحہ نمبر 61 پر تو پھر کیسے یہ بات ہو رہی ہے؟ تو میں اس پر کہتی ہوں کہ میں پیر محمد صاحب کو بالکل، میں نے تو ایک سو پچاس روپے کی کٹوتی دی تھی لیکن پانچ کروڑ روپے اس سے کاٹے جائیں۔

جناب سراج الحق: جناب سپیکر صاحب! زه یو عرض کومه جی------

جناب سپیکر: نه سراج صاحب، زما په خپل خیال-------

جناب سراج الحق: زه وایم چه تاسو د ظفر اعظم صاحب د راتلو پورے ملتوی کړی د دے دا جوابات، ترڅو پورے چه هغه نه وی راغلے۔ دویم جی زه دا عرض کوم چه دا واحده صوبه ده چه د دلته د وزیرانو تنخواه د سکول د استاذ برابرده ------

جناب سپیکر: او د ممبرانو؟

جناب سراج الحق: او د ممبرانو تنخواه هم په ټول پاکستان کښې کمه ده-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: د ممبرانو څه دی؟

جناب سراج الحق: دا د پنجاب او سندھ، بلوچستان د ممبرانو تنخواه هم کمه ده۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نه نه، د هغوی زیاته ده۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سراج الحق: او د وزیرانو تنخواه هم کمه ده۔۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! د ټولو نه کمه تنخواه زمونږه د اسمبلئ د ممبرانو ده۔

جناب سپیکر: آرڈر، پلیز۔ جی آصف اقبال داودزئی صاحب، یہ جو نکات اٹھائے ہیں معزز اراکین اسمبلی نے کٹوتی کی تحاریک پر۔۔۔۔۔۔۔

وزیراطلاعات: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! عبدالاکبر خان، پیر محمد خان، بشیر بلور صاحب، شهزاده گستاسپ خان صاحب او میډیم نگهت اورکزئی صاحبه چه کوم Points raise کړل، په هغے باندے د اضافی خرچے خبرے اوشوے، د Entertainment/ gifts خبرے اوشوے، د چیف منسټر هاؤس د ټیلیفون بل د Increase خبرے اوشوے، د بجلئ بل۔ سپیکر صاحب! د الله کرم دے چه د صوبه سرحد دے حکومت ته دا اعزاز حاصل شو چه دا پنځم بجټ مونږه پیش کړواو پنځم بجټ سیشن د خیره روان دے۔ دے دوران د صوبائی حکومت د عوامو په خدمت کښ د ملک دننه هم او د ملک بهر چه څومره Missions دی یا Delegation دی، د هغوی راتګ دے صوبے ته کیږی۔ د دے ملک، د دے صوبے دعوامو خدمت په صله د هغوی سره د ترقئ او فائدے د پاره میټنګونه کیږی نو په دغه مد کښ چه Delegations راځی Foreign Missions راځی، هغوی ته ګفټ ورکول د صوبے یو روایت دے چونکه صوبه

